اس گمراہ کن پروپیگنڈہ کا دندان شکن جواب دیا ہے۔ انہوں نے علامہ اقبال کی تحریروں سے بعض بعض چند خطوط بھی شامل ہیں یہ ثابت کیا ہے کہ علامہ موصوف صرف اور صرف اسلام سے متاثر تھے اور اسلامی نظام حیات ہی جو قرآن وسنت سے عبارت ہے، ان کی نظر میں تمام نظام ہائے زندگی پر فوقیت رکھتا تھا اور اسی کو وہ قابل احترام، قابل عمل اور انسانی زندگی کی تمام بےچینیوں کا واحد علاج سمجھتے تھے۔

یہ کتابچہ دراصل ایک مقالہ تھا جو انگریزی میں شام ہمدرد لاہور کی ایک تقریب میں پڑھا گیا اور جو مصنف موصوف کے اہل نظر احباب کے اصرار پر مفادِ عامہ کی غرض سے ضروری اضافوں کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالنے کے بعد طبع کیا گیا ہے ——— امید ہے کہ اس سے کماحقہٗ فائدہ اٹھایا جائیگا۔

(۴)

نام کتاب . . . . مشرقِ بعید میں طلوعِ اسلام

مصنف . . . . سید قدرت اللہ فاطمی

ضخامت . . . ۸۰ صفحات

قیمت . . . . ۹ روپے غیر مجلد، کاغذ سفید، اردو ٹائپ

یہ کتابچہ دراصل ریڈیو پاکستان سے ۱۹۶۶ء میں نشر ہونے والی ان تقاریر کا مجموعہ ہے جو مصنف نے عوامی جمہوریہ چین اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں اسلام کی تاریخ سے متعلق کی تھیں لیکن تشنۂ تکمیل رہ گئی تھیں۔ اب ادارہ ثقافت اسلامیہ نے انہیں مصنف کی طرف سے ضروری اضافوں اور ترامیم کے بعد کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔

عہدِ رسالت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھیوں پر کفارِ مکہ نے جب عرصۂ حیات تنگ کر دیا تو آپ نے انہیں حبشہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا۔ ہجرتِ حبشہ کے چند سال کے اندر یعنی ۶۱۸ء تا ۶۲۶ء کے درمیانی عرصہ میں اسلام کے اولین مبلغ چین کے ساحل پر پہنچے اور وہاں کے لوگوں کو اسلام کی دعوت دی ——— زیرِ نظر کتابچہ میں اسی دور کی تاریخ بیان کی گئی ہے اور چین میں اسلام کے طلوع و فروغ کو نہایت دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ دینِ اسلام سے والہانہ شغف رکھنے والوں کیلئے اس کا مطالعہ بیحد مفید اور مسرت کا باعث ہوگا!

نام کتاب . . . . سستی طاقتور غذائیں

مصنف . . . . زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد

ضخامت ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۰۸ صفحات

قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ آٹھ روپے غیر مجلد، سفید کاغذ، کتابت و طباعت آفسٹ

ناشران ۔ ۔ ۔ حکیم اکرام الحق، حکیم سرفراز احمد

مکتبہ نور الصحت عبدالکریم روڈ قلعہ شاہ فیصل - لاہور

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حیاتِ انسانی کا کوئی ایسا پہلو نہیں چھوڑا جس میں آپؐ نے امت کی مکمل راہنمائی نہ فرمائی ہو۔ حتیٰ کہ خدا کے پیارے رسولؐ نے کھانے پینے تک کا مکمل ضابطہ بھی ہمارے سامنے پیش فرما دیا جس پر عمل کر کے ہم نہ کبھی بھوکے پیاسے رہ سکتے ہیں اور نہ ہی بیمار ہو سکتے ہیں۔

آج جبکہ غریب معاشرہ پیٹ بھرنے کو ترس رہا ہے اور سرمایہ دار لذیذ اور خوش ذائقہ غذاؤں کے ڈھیر اپنے دسترخوان پر لگا کر ان کو ہضم کرنے کے لئے دوائیں تلاش کر رہا ہے، اس ضابطہ کو لائحہ عمل بنا لینا ہماری اکثر پریشانیوں سے ہمیں نجات دلانے میں انتہائی ممد و معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

حکیم نور احمد صاحب نے زیر نظر کتاب میں سستی مگر لذیذ اور طاقتور غذاؤں کی ایک طویل فہرست مرتب کی ہے نیز ان کی تیاری کی ترکیب اور خواص وغیرہ پر بھی روشنی ڈالی ہے —— جو نہ صرف ان کی پچاس سالہ طبی پریکٹس کا نچوڑ ہے بلکہ اس سلسلہ میں طب نبوی سے بھی انہوں نے خصوصی راہنمائی حاصل کی ہے۔

علم الاغذیہ اور علاج بالاغذیہ کا موضوع طبِ قدیم میں بڑی اہمیت رکھتا ہے اور ہمارے حکماء نے اس موضوع پر وافر ذخیرۂ علم فراہم کیا ہے۔ علاج بالادویہ کے اس دور میں حکیم نور احمد صاحب خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے علاج بالاغذیہ کے سلسلہ میں خصوصی توجہ مبذول کر کے متعدد کتابیں افادۂ عام کی غرض سے تالیف کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور انہیں خدمتِ انسانی کی مزید توفیق بخشے، آمین!

اعتذار

قارئین ترجمان کو یہ بخوبی علم ہوگا کہ آج کل ڈاک کی ٹکٹیں قطعاً نایاب ہیں۔ چنانچہ بعض حضرات کو تازہ شمارہ بیرنگ بھیجا جا رہا ہے۔ امید ہے قارئین اسے محسوس نہیں فرمائیں گے! والسلام

(ناظم دفتر)